بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
Hizb ut Tahrir

جمعہ، 07 صفر 1439ھ | 27/10/2017 | نمبر: 01/1439

پریس ریلیز

# مصری حکومت اپنی افواج کی حفاظت کرنے سے قاصر ہے، اُن کے نزدیک خون کی قیمت صرف اُتنی ہے جتنی وہ فوجی خود اُس کی حفاظت کر سکتے ہیں

21 اکتوبر 2017 بروز ہفتہ مصری وزارت داخلہ نے ایک بیان اُس انتہائی خونی تشدد کے بارے میں جاری کیا جو جمعہ کو الواحات کے صحرائی علاقے میں واقع ہوا تھا۔ بیان میں کہا گیا کہ اِس واقع میں 16 فوجی اہلکار جاں بحق اور متعدد زخمی ہوئے جبکہ ایک آفیسر گمشدہ ہے۔ دوسری جانب 15 دہشت گرد ہلاک و زخمی ہوئے۔

اے کنانہ کے لوگو! یہ اصلیت ہے مصری حکومت کی جس کی نااہلی ثابت ہو چکی ہے، اس کی پسماندگی کسی سے چھپی ہوئی نہیں اور جس سیکیورٹی کا ڈھنڈورہ وہ پیٹ رہی ہے اب وہ اُس کی اپنے بندوں، محافظوں کی حفاظت بھی نہیں کر سکتی۔ لہٰذا معاشی سطح پر اتنی شدید ناکامی کے بعد، اور تمہارے حکمرانوں کا ورلڈ بینک کی ہدایات پر عمل کرنے کی وجہ جو کچھ تم بھگت چکے ہو، حتیٰ کہ وہ تحفظ جو موجود تو نہیں مگر تمہارے حکمران تمہیں اس کی بحالی تک صبر کرنے اور برداشت کرنے کی تلقین کر رہے ہیں۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ جس دہشت گردی کو اُنھوں نے شروع کیا اور خود ہوا دی، آج وہ خود اُس سے تحفظ حاصل کرنے میں ناکام ہیں۔

اے کنانہ کے لوگو! آپ کے حکمران مبینہ دہشت گردی کے خلاف نہیں لڑ رہے، مگر وہ آپ کے دین کے خلاف لڑ رہے ہیں جس سے آپ کے دشمن ڈرتے ہیں۔ اِس جنگ کا اصل مقصد آپ کو دین اور اُس کی طاقت سے دور رکھنا ہے جو کہ آپ کو اس قابل بناتا ہے کہ آپ مغرب اور اُس کے اثر و رسوخ کو اُکھاڑ پھینکیں، یہ دین اُن کی ماتحتی سے آزاد کرائے گی اور اُن کے ایجنٹس کی تابعداری سے نکالے گی۔ یہ بقاء کی جنگ ہے جو صرف تب ہی ختم ہو گی جب آپ اپنے آپ کو آنے والی کئی دہائیوں تک مکمل ان کے ماتحت کر دیں گے، یا پھر آپ کی حقیقی فتح سے جو کہ نبوت کے طریقے پر ریاستِ خلافت کا قیام ہے جو آپ پر شریعت نافذ کرے گی، آپ کی طاقت واپس لائے گی جس کی جدوجہد حزب التحریر کر رہی ہے۔

اے مصر کے بیٹوں، فوجی جوانوں اور افسران، اے کنانہ کی پولیس اور آرمی! آپ بھی کنانہ کے لوگوں میں شامل ہیں، آپ کا غم اُن کا غم ہے، آپ کا رشتہ خون کا رشتہ ہے، آپ کی تکلیف اُن کی تکلیف ہے کیونکہ وہ آپ کے بھائی ہیں آپ کا خاندان ہیں، آپ کے قبیلے کے لوگ ہیں۔ آپ کے حکمران جن کی آپ حفاظت کر رہے ہیں وہ آپ کے ہمدرد نہیں ہیں بلکہ آپ کو بطور ایک ہتھیار استعمال کر رہے ہیں، آپ ہی سے آپ کے گھر اور خاندان والوں کو شہید کروا رہے ہیں اور جو لوگ تبدیلی کے لئے کام کرتے ہیں اُن کو کچل رہے ہیں۔ آپ کے خون کی صرف وہی قیمت ہے جتنی آپ خود اِس کی حفاظت کر سکتے ہیں۔ اِس لئے آپ ہی قاتل آپ ہی مقتول ہیں۔ اپنے جن بھائیوں کو آپ مارتے ہیں اُن کا اور آپ کا خون ایک ہی ہے جو کہ آپ کے دشمن اور اس کے ایجنٹ کے مفاد کی خاطر بہایا جاتا ہے جو اُس کی جانب سے آپ پر حکومت کرتے ہیں اور جو اِس بات کے لئے تیار ہیں کہ آپ کو اور آپ کے خون کو اس جنگ میں قربان کر دیں جو کہ اُس دین کی مخالفت میں ہے جو آپ کی زندگیوں میں نافذ ہو گا۔ اِس لیے اس حکومت کی اطاعت مت کرو اور حکومت سے وفاداری کی بجائے اُن کی اطاعت کرو جو آپ کی اور اُمت کی بھلائی چاہتے ہیں۔ اپنے ملک کو دشمن کے تسلط سے نکالنے کے لئے سخت کوشش کرو۔ اپنا ہاتھ حزب کے شباب کے ہاتھ میں دو جو ایک شاندار ریاست کا قیام چاہتے ہیں جو آپ کو شان و شوکت بخشے گی اور دنیا کی بہترین فوج بنائے گی۔ اللہ کے واسطے اپنے دین کی حفاظت کرو اور اُس اللہ پاک کے قوانین کی جس سے تم دعائیں کرتے ہو۔ کیونکہ اللہ تم سے تمہارے اور امتِ مسلمہ کے خون کا سوال کرے گا۔ شاید کہ اللہ تمہارے حق میں اچھائی لکھ دے اور وہ شان و شوکت وہ فتح اور وہ ریاست تمہارے ہی ذریعے قائم ہو جو تمہاری صحیح معنوں میں حفاظت کرے گی اور لوگوں کو اُن کا مقام و مرتبہ اور املاک واپس دلائے گی۔ ہم اللہ سے اس کے جلد قیام کی دعا کرتے ہیں اور یہ کہ ہم ہی وہ افواج اور گواہ ہوں جن کے ذریعے وہ ریاست قائم ہو۔ آمین

(يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ اسْتَجِيبُواْ لِلّهِ وَلِلرَّسُولِ إِذَا دَعَاكُم لِمَا يُحْيِيكُمْ وَاعْلَمُواْ أَنَّ اللّهَ يَحُولُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهِ وَأَنَّهُ إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ)

"اے ایمان والو! اللہ اور رسول کی دعوت قبول کرو، جب رسول تمہیں اُس بات کی طرف بلائے جو تمہیں زندگی بخشنے والی ہے۔ اور یہ بات جان رکھو کہ اللہ انسان اور اُس کے دِل کے درمیان آڑ بن جاتا ہے اور یہ کہ تم سب کو اسی کی طرف اکٹھا کر کے لے جایا جائے گا" (الانفال: 24)

ولایہ مصر میں حزب التحریر کا میڈیا آفس